سوال

(458) موجودہ صحف کے خلاف ترتیب سورت کا پڑھنا نماز میں جائز ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

موجودہ صحف کے خلاف ترتیب سورت کا پڑھنا نماز میں جائز ہے۔ یا نہیں؟ مثلاً کسی نے پہلی رکعت میں سورہ کہف کو پڑھا۔ دوسری میں سورہ یونس کو پڑھا یا پہلی رکعت میں لایلف قریش الخ اور دوسری میں الم ترکیف الخ ایسی صورتوں میں نماز ہوگی یا نہیں (محمد رحمت اللہ علی خریدار نمبر 10444)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے صبح کی نماز میں ایک رکعت میں سورہ کہف اور دوسری میں سورہ یواسف پڑھی کسی نے اعتراض نہیں کیا لہذا جائز ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

[فتاویٰ ثنائیہ امرتسری]

جلد01 ص617

محدث فتویٰ